**28.07.2024**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...... کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار منشیات کی لعنت سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کررہی ہے۔ وزیر اعظم نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ بھارت سے منشیات کے خاتمے کیلئے کام کریں۔

☆ آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے اِس بات پر فخر کا اظہار کیا کہ آسام کے چرائی دیو میدام کو یونیسکو کے عالمی وراثت کے مقامات کی فہرست میں شامل کیا جارہا ہے۔

☆ دلی سرکار نے ایک کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کے **Basement** میں پانی بھر جانے کی وجہ سے تین طلباء کی موت کے واقعے کی انکوائری مجسٹریٹ سے کرائے جانے کا حکم دیا ہے۔ پولیس نے انسٹی ٹیوٹ کے مالک کو گرفتار کرلیا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے جاپان میں **QUAD** کے وزراء خارجہ کی میٹنگ سے قبل امریکی وزیر خارجہ **Antony Blinken** سے ملاقات کی۔

☆ پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارتی نشانے باز منو بھاکر آج دس میٹر کے ایئر پسٹل کے فائنل میں تمغے کیلئے مقابلہ کریں گی۔

☆ اور **Dambulla** میں آج سہ پہر خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کرکٹ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہونے والا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات پر فخر کا اظہار کیا ہے کہ آسام کے چرائی دیو میدام کو یونیسکو کی عالمی وراثت کے مقامات کی فہرست میں شامل کیا جارہا ہے۔ آج آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ یہ مذکورہ فہرست میں شامل کیا جانے والا بھارت کا **43** واں مقام ہے جبکہ شمال مشرقی خطے

سے ثقافتی عالمی ورثے کا یہ ایسا پہلا مقام ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ کوئی بھی ملک اپنی ثقافت پر فخر کرکے ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔ اِس سلسلے میں بھارت میں کی جانے والی کوششوں کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے پروجیکٹ PARI کا ذکر کیا جس کا مطلب پبلک آرٹ آف انڈیا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ پروجیکٹ PARI پبلک آرٹ کو مقبول عام بنانے کیلئے ابھرتے ہوئے فنکاروں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر لانے کا ایک بڑا وسیلہ بن رہا ہے۔ جناب مودی نے ہینڈ لوم صنعت کا تذکرہ کرتے ہوئے ہریانہ کے روہتک ضلع کی ڈھائی سو خواتین کی ستائش کی، جو UNNATI Self Help Group میں شامل ہوئی ہیں اور بلاک پرنٹنگ اور رنگائی میں تربیت حاصل کی ہے۔

ملک میں ہتھ کرگھے کا قومی دن اگلے مہینے کی سات تاریخ کو منایا جائے گا۔ وزیر اعظم نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ ملک کے مختلف حصوں کے کاریگر ہتھ کرگھا کو مقبولِ عام بنانے میں لگے ہوئے ہیں۔

انہوں نے اڈیشہ کی سمبل پور ساڑیوں، مدھیہ پردیش کی ماہیشوری ساڑی، مہاراشٹر کے پیٹھانی، ودربھ کے ہینڈ بلاک پرنٹس، ہماچل پردیش کی Bhutiko شال اور اونی کپڑے اور جموں کشمیر کی Kani شال کی مثال پیش کی۔ جناب مودی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ ہیش ٹیگ مائی پروڈکٹ مائی پرائیڈ کے ساتھ اپنی مقامی اشیاء اور سامان کو سوشل میڈیا پر اَپ لوڈ کریں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اِس وقت دنیا بھر میں پیرس اولمپک کھیلوں کا چرچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اولمپک کھیل بھارتی کھلاڑیوں کو عالمی منظر نامے پر ترنگا لہرانے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ Cheer For Bharat کے ساتھ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

منشیات کی لعنت کے چیلنج کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ہر کنبے کو یہ فکر ہوتی ہے کہ کہیں اُن کا بچہ منشیات کی لعنت کی گرفت میں نہ آجائے۔ جناب مودی نے بتایا کہ سرکار نے ایک خصوصی پہل MANAS کا آغاز کیا ہے جو منشیات کے خلاف لڑائی میں ایک اہم قدم ہے۔ MANAS کی ہیلپ لائن اور پورٹل کا حال ہی میں آغاز ہوا ہے اور ایک ٹول فری نمبر 1933 جاری کیا گیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ کوئی بھی شخص ضروری صلاح حاصل کرنے یا بازآباد کاری سے متعلق معلومات کیلئے اِس نمبر پر کال کرسکتا ہے۔ اگر کسی کے پاس منشیات سے متعلق کوئی جانکاری ہے تو وہ بھی اِس نمبر پر فون کرکے منشیات پر کنٹرول سے متعلق بیورو کو دستیاب کرائی جاسکتی ہے۔

کل دنیا بھر میں شیروں سے متعلق بین الاقوامی دن منایا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ شیر اور انسان کے درمیان ٹکراؤ کی صورت میں شیروں کے تحفظ کیلئے غیرمعمولی کوششیں کی جارہی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ ''کلہاڑی بند پنچایت'' عوامی شمولیت کی اِس طرح کی ایک کوشش ہے۔

وزیر اعظم نے لوگوں سے کہا کہ اب جبکہ 15 اگست کا دن نزدیک آرہا ہے وہ ''ہر گھر ترنگا'' مہم میں شامل ہوں۔

جناب مودی نے لوگوں کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ ''ہر گھر ترنگا ڈاٹ کوم' پر ترنگے کے ساتھ اپنی سیلفی اَپ لوڈ کریں۔ جناب مودی نے عوام سے یہ بھی کہا کہ وہ MyGov یا NaMo App پر یوم آزادی سے قبل اپنی تجویزیں بھیجیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ یوم آزادی پر ملک سے خطاب میں زیادہ سے زیادہ تجویزوں کو شامل کرنے کی کوشش کریں گے۔x

**Prez - Governor Appointment**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مختلف ریاستوں میں نئے گورنروں کی تقرری کی ہے۔ مہاراشٹر اسمبلی کے سابق اسپیکر Haribhau Kisanrao Bagde کو راجستھان کا گورنر مقرر کیا گیا ہے جبکہ تریپورہ کے سابق نائب وزیر اعلیٰ Jishnu Dev Verma کو تلنگانہ کا گورنر مقرر کیا گیا ہے ان کے علاوہ راجستھان سے سابق راجیہ سبھا رکن اوم پرکاش ماتھر کو سکم کا گورنر، سابق مرکزی وزیر سنتوش کمار گنگوار کو جھارکھنڈ کا گورنر، آسام سے سابق لوک سبھا ایم پی Ramen Deka کو چھتیس گڑھ کا گورنر، کرناٹک کے سابق وزیر C H Vijayshankar کو میگھالیہ کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ سی پی رادھا کرشنن کو، جو کہ فی الحال جھارکھنڈ کے گورنر ہیں، مہاراشٹر کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِسی طرح گلاب چند کٹاریہ جو کہ آسام کے موجودہ گورنر ہیں، انھیں پنجاب کا گورنر اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقہ چنڈی گڑھ کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا گیا ہے۔ سکم کے موجودہ گورنر لکشمن پرساد آچاریہ کو آسام کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ انھیں منی پور کے گورنر کا اضافی چارج بھی دیا گیا ہے۔ سابق IAS آفیسر کے کیلاش ناتھن کو پڈوچیری کا لیفٹیننٹ گورنر بنایا گیا ہے۔x

**BJP CM MEET**

بی جے پی کی سرکار والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کی دو روزہ میٹنگ نئی دلی میں بی جے پی ہیڈ کوارٹرس میں جاری ہے، جو کل شروع ہوئی تھی۔

وزیر اعظم نریندر مودی، بی جے پی کے سربراہ جے پی نڈا، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ اور بی جے پی کے دیگر سرکردہ رہنما اِس میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں۔ جناب مودی آج مختلف معاملات پر وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کے ساتھ تبادلۂ خیال کرنے والے ہیں۔

کل میٹنگ کے پہلے دن شرکت کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے بی جے پی کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پارٹی اچھی حکمرانی کو بڑھاوا دینے اور عوام کی امنگیں پوری کرنے کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔

اِس میٹنگ کا مقصد ریاستوں میں اہم اسکیموں کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ مرکزی سرکار کے بہبود کے اقدامات پر عملدرآمد کا جائزہ لینا ہے۔x

**Delhi Coaching Flood**

دلی پولیس نے اولڈ راجندرنگر کے اس کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کے مالک اور کو آرڈی نیٹرکو حراست میں لے لیا ہے، جس کے بیس منٹ میں پانی بھرجانے سے سول سروسز کے تین امیدواروں کی موت ہوگئی تھی۔ ڈی سی پی سینٹرل، ایم ہرش وردھن نے کہا کہ اس سانحے میں دو خاتون اور ایک مرد امیدوار ہلاک ہوئے ہیں اور ان کی لاشوں کو قانونی پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ تہہ خانے میں پانی نکالنے کا کام مسلسل جاری ہے۔

دلی سرکار نے اس حادثے کی مجسٹریٹ کے ذریعہ تفتیش کئے جانے کا حکم دے دیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک کیس درج کیا گیا ہے اور چھان بین جاری ہے۔

دلی کے آگ پر قابو پانے والے محکمے نے بتایا ہے کہ کوچنگ انسٹی ٹیوٹ میں پانی بھرجانے اور کچھ افراد کے اس میں پھنسے ہونے کے بارے میں کل شام سات بجے کے قریب کال موصول ہوئی تھی۔ xx

**Jaishankar Blinken**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ سے قبل آج ٹوکیو میں امریکہ کے وزیر خارجہ Antony Blinken سے ملاقات کی۔ دونوں وزیروں نے علاقائی اور عالمی امور پر وسیع تر تبادلۂ خیال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت-امریکہ باہمی ایجنڈہ لگاتار آگے بڑھ رہا ہے اور وہ QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کے منتظر ہیں۔

ڈاکٹر جے شنکر جاپان کے دو دن کے دورے پر آج صبح ٹوکیو پہنچے ہیں۔ وہ جاپان کی اپنی ہم منصب Yoko Kamikawa کی دعوت پر وہاں گئے ہیں۔ کل QUAD کی میٹنگ میں ڈاکٹر جے شنکر کے ساتھ ساتھ جاپان امریکہ اور آسٹریلیا کے وزراء خارجہ شرکت کریں گے۔

یہ وزیر پچھلے سال ستمبر میں نیو یارک میں گزشتہ میٹنگ کی بات چیت اور تبادلۂ خیال کو آگے لے جانے پر بات کریں گے۔ اس کے علاوہ بھارت-بحرالکاہل خطے کے حالات و واقعات پر بھی تبادلۂ خیال کیا جائے گا اور QUAD کے اقدامات اور ورکنگ گروپوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا جائے گا۔ ٹوکیو پہنچنے کے بعد ڈاکٹر جے شنکر نے Edogawa میں فریڈم پلازہ کے مقام پر مہاتما گاندھی کے مجسمے کی نقاب کشائی کی۔x

**India Sri Lanka T20**

مردوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج شام سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی اسٹیڈیم میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔ کل رات اِسی میدان پر

کھیلے گئے پہلے میچ میں بھارت نے سری لنکا کو 43 رن سے ہرا دیا تھا۔ اِس طرح تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز میں بھارت کو ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ نئے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کی زیر کمان بھارت کی یہ پہلی بین الاقوامی سیریز ہے۔x

**Stadium Attack Isael**

اسرائیل کے زیر قبضہ جولان کی پہاڑیوں میں ایک فٹبال اسٹیڈیم پر راکٹ حملے میں کم از کم 12 افراد کی موت ہوگئی۔ اسرائیلی حکام نے اِس حملے کیلئے حزب اللہ گروپ کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے اور ایران کی پشت پناہی والے لبنان کے اِس گروپ کے خلاف سخت کارروائی کا وعدہ کیا ہے۔ البتہ حزب اللہ گروپ نے اِس حملے میں کسی طرح کا ہاتھ ہونے سے انکار کیا ہے۔ اِس واقعے سے خطے میں کشیدگی بڑھ گئی ہے جبکہ غزہ میں بھی لڑائی کا سلسلہ جاری ہے۔

**Olympics**

پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارتی نشانے باز منو بھاکر آج دس میٹر کے ایئر پسٹل کے فائنل میں تمغے کیلئے مقابلہ کریں گی۔ آج اِن کھیلوں کا دوسرا دن ہے۔

خواتین کے ٹیم تیر اندازی کوارٹر فائنل میں دیپیکا کماری، انکتا بھگت اور بھجن کور مقابلہ کریں گی۔

ٹینس میں مردوں کے سنگلز زمرے میں بھارت کے **Sumit Nagal** کا مقابلہ فرانس کے کھلاڑی سے ہوگا جبکہ مردوں کے ڈبلز زمرے میں روہن بوپنا اور سری رام بالاجی فرانس کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔ مکے بازی میں خواتین کے 50 کلو گرام زمرے میں دو بار کی عالمی چمپئن نکہت زریں بھی اپنی مہم کا آغاز کررہی ہیں۔

ٹیبل ٹینس میں خواتین کے سنگلز زمرے میں **Sreeja Akula** کا مقابلہ سوئیڈن کی کھلاڑی سے ہوگا۔ جبکہ **Manika Batra** برطانیہ کی کھلاڑی کا سامنا کریں گی۔

**Turkish Forces Somalia**

ترکی کی پارلیمنٹ نے صومالیہ میں ترکی کی مسلح افواج کے اہلکاروں کو تعینات کئے جانے سے متعلق ایک تحریک منظور کی ہے۔ ترکی کے فوجیوں کو دو سال کیلئے صومالیہ میں تعینات کیا جائے گا تاکہ وہ دہشت گردی اور دیگر خطرات کے خلاف وہاں کی سکیورٹی کوششوں میں معاونت کرسکیں۔

فروری میں ترکی اور صومالیہ کے درمیان دفاعی اور اقتصادی اشتراک سمجھوتہ ہونے کے تناظر میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اِس کا مقصد صومالیہ کی بحری دفاعی صلاحیت کو مستحکم بنانا ہے۔

اِس سے قبل ترکی کی توانائی کی وزارت نے اِس سال تیل اور گیس کی تلاش سے متعلق ایک بحری جہاز صومالیہ کے ساحل پر بھیجنے کے منصوبے کا اعلان کیا تھا جو دونوں ملکوں کے درمیان ہائیڈرو کاربن اشتراک کا ایک حصہ ہے۔x

## Women Asia Cup Final

Dambulla میں آج سہ پہر خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کرکٹ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ ہرمن پریت کور کی زیر کمان بھارتی ٹیم آٹھویں بار ٹائٹل جیتنے کیلئے میدان میں اترے گی۔ اِس پورے ٹورنامنٹ میں بھارتی خواتین نے بلے بازی اور گیند بازی دونوں شعبوں میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ دیپتی شرما نے اب تک 9 وکٹ لئے ہیں جبکہ Renuka Singh نے 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ہے۔ بلے بازی میں اسمرتی مندھانا اور شفالی ورما شاندار بلے بازی کرتی رہی ہیں۔

☆☆☆